سوال

(699) نماز کے بعد فارغ وقت میں آیۃ الکرسی کتنی مرتبہ پڑھیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آیۃ الکرسی ہر نماز کے بعد یا فارغ وقت میں کتنی تعداد میں پڑھنا مسنون ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فرض نماز کے بعد ''آیۃ الکرسی'' کا صرف ایک بار پڑھنا ہی کافی ہے۔ اس بارے میں اگرچہ بعض محدثین اور شارحینِ حدیث نے کلام کیا ہے، لیکن راجح بات یہ ہے، کہ روایت صحیح اور بلا تردّد قابلِ احتجاج (دلیل کے قابل) ہے۔

اسی طرح مختلف اوقات میں اس کے پڑھنے کی فضیلت وارد ہے، لیکن اس کے لیے کسی عدد کا تعین نہیں۔ مثلاً رات کو سوتے وقت کوئی پڑھ لے، تو رات بھر اﷲ کی حفاظت میں رہتا ہے۔ صحیح البخاری، کتاب الوکالۃ، بَابُ فَضْلِ سُورَةِ البَقَرَةِ، رقم: ۵۰۱۰

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 593

محدث فتویٰ